س۔ آزادڈائریکٹرز کے لیےایکٹ کےسیکشن166اورکمپنیز (آزادڈائریکٹرزکاانتخاب اورقوائد) ریگولیشنز2018میں موجودطریقہ کارپرا ترناضروری ہے۔ امیدواران جوآزادڈائریکٹرزکاانتخاب لڑناچاہتے ہیں کے لیےدرج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرواناضروری ہے۔

(i) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنس) ریگولیشنز 2017 شق (2) 6 کے تحت آزادڈائریکٹرزکااقرارنامہ

(ii) غیرعدالتی سٹمپ پیپر پرحلف نامہ کہ وہ ذیلی ریگولیشن (1) آف ریگولیشنز 4 آف کمپنیز (آزادڈائریکٹرزکاانتخاب اورقوائد) ریگولیشنز 2018 کی شرائط پورا کرتا ہے / کرتی ہے۔

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور زکوٰۃ

5- ممبران سے کمپیوٹرائزڈقومی شناختی کارڈ کی نقل جمع کرانے کی استدعا کی جاتی ہے تاکہ ریکارڈکواپ ڈیٹ کیاجاسکے۔کمپیوٹرائزڈقومی شناختی کارڈ کی نقل نہ جمع کرانے کی صورت میں مستقبل کے تمام منقسمہ روک لئے جائیں گے۔

6۔ ممبران سے استدعا کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ اورعشرآرڈیننس 1980 کے مطابق زکوٰۃ سے استثنٰی کابیان جمع کرائیں یاپتہ میں تبدیلی تجویز کریں،اگرہوتو۔

ای ڈیوڈنڈ

سرکاری اندراج یافتہ کمپنی ہونے کی صورت میں کمپنیزایکٹ2017کےسیکشن242 کی روسے حصص داران (شیئرہولڈر) اپنے منافع کی نقدادائیگی صرف الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے براہِ راست اپنے نامزدکردہ بینک اکاؤنٹ میں حاصل کرسکتے ہیں۔ اسی لئے نوٹس ہذاکے ذریعے تمام حصص داران کومطلع کیاجاتا ہے کہ سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم میں متعلقہ درخواست دہندگان اپنے انٹرنیشنل بینک اکاونٹس(IBAN) کی تفصیلات کواپ ڈیٹ کریں۔مادی حصص (Physical Shares) کی صورت میں اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے حصص (شیئر) رجسٹرار،میسرز ریاست اشتیاق کنسلٹنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کومہیا کریں۔(حصص داران کے لئے) ای۔ڈیوڈنڈمینڈیٹ فارم منسلک کیاگیاہے۔

فائلر اور نان فائلر کا سٹیٹس

i۔ انکم ٹیکس آرڈیننس2001کےسیکشن150 کے مطابق جس میں کمپنیوں کی جانب سے ادا کی جانے والی مالیت پرمنافع کے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے نرخ وضع کئے گئے ہیں۔ٹیکس کے انراخ مندرجہ ذیل ہیں۔

الف۔ انکم ٹیکس ریٹرنز فائلرز کیلئے (15%)

ب۔ انکم ٹیکس ریٹرنز نان فائلرز کیلئے (30%)

کمپنی کو مالیت کےعوض 30% کے بجائے 15% کے حساب سے نقدمنافع منقسمہ (Cash Dividend) پرٹیکس کٹوتی کے قابل بنانے کیلئے ان تمام حصص داران جن کا نام،ٹیکس فائلر ہونے کے باوجود،ایف بی آرکی ویب سائٹ پرموجوداکٹوٹیکس پیئرلسٹ (ATL) میں موجودنہیں ہے،کو یہ بات یقینی بنانے کی ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ24اکتوبر 2019 کومنعقد ہونے والےعمومی اجلاس میں نقدمنافع کی منظوری کی تاریخ تک یااس سےقبل اپنانام ATL میں درج کروالیں بصورت دیگرنقد منافع پر 15%فیصدکی بجائے30% ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی

ii۔ کسی بھی قسم کے استفسار/شکایات/معلومات کی صورت میں سرمایہ کارکمپنی یاشیئررجسٹرار سے مندرجہ ذیل فون نمبریاای میل ایڈریس کے ذریعے رابطہ کرسکتا ہے۔

بیافوانڈسٹریزلمیٹڈ

1stفلور، BIAFO ہاؤس،پلاٹ نمبر23،گلی نمبر40-38،آئی اینڈٹی سینٹر،

سیکٹر G-10/4،اسلام آباد،پاکستان۔ٹیلیفون: 57-2353455 ,53-2353450-51-92+ فیکس: 2353458-51-92+

ویب سائٹ: www.biafo.com , ای میل: management@biafo.com

ریاست اشتیاق کنسلٹنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ

آفس نمبر20-19،سیکنڈفلور،ہل ویوپلازہ،جناح ایونیو،بلیوایریااسلام آباد،پاکستان۔

فون: 4-2344223 51 92+ فیکس: 2605658 51 92+

iii۔سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئرہولڈر (حصص یافتگان) اپنے قومی ٹیکس نمبر(این ٹی این) کواپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس کے پاس اپ ڈیٹ کروائیں۔جبکہ فزیکل شیئرز کے حامل کارپوریٹ ممبران اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی کو یااس کے شیئررجسٹرارمیسرزریاست اشتیاق کنسلٹنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کوارسال کریں۔شیئرہولڈرز (حصص یافتگان) این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹس جیسی بھی صورت ہو،ارسال کرتے وقت لازمی طورپرکمپنی کانام اوراپنے متعلقہ فولیوزنمبرزدرج کریں۔

شیئر ہولڈرز کے 31 ویں سالانہ اجلاس عام کیلئے ممبران کو نوٹس

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ BIAFO انڈسٹریز لمیٹڈ کا 31 واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ 24 اکتوبر، 2019 بوقت 11:00 بجے صبح 1st فلور، BIAFO ہاؤس، پلاٹ نمبر 23، گلی نمبر 40-38، آئی اینڈ ٹی سینٹر، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

عمومی امور

1- سالانہ اجلاس عام منعقدہ 24 اکتوبر 2018 کے منٹس کی توثیق۔

2- 30 جون 2019 کو مکمل ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، زیر غور لانا اور اختیار کرنا۔

3- 17 ستمبر 2019 کو اعلان کردہ حتمی نقد منافع منقسمہ 3 روپیہ فی شیئر (30%)، 24 اکتوبر 2018 کو اعلان کردہ عبوری نقد منافع منقسمہ 2.25 روپیہ فی عمومی شیئر (22.5%)، 25 فروری 2019 کو اعلان کردہ عبوری نقد منافع منقسمہ 3.25 روپیہ فی عمومی شیئر (32.5%)، 25 اپریل 2019 کو اعلان کردہ عبوری نقد منافع منقسمہ 4.00 روپیہ فی عمومی شیئر (40%) اور 30 جون 2019 کو مکمل ہونے والے سال میں مجموعی طور پر۔ 12.50 روپے فی شیئر (125%) نقد منافع منقسمہ اور 20 فیصد بونس شیئرز کی منظوری۔

4- 2019-20 لئے آڈیٹرز اور ان کے معاوضے کی تقرری۔ ریٹائرڈ ہونے والے آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر اینڈ ہادی کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ نے اہلیت کے حامل ہونے پر خود کو سال 2019-20 کی تعیناتی کیلئے پیش کیا ہے۔

5- زیر تحت کمپنیز ایکٹ 2017 سیکشن 159 عرصہ 03 سال کیلئے کمپنی کے 13 ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ کمپنی کے ریٹائرڈ ہونے والے ڈائریکٹرز درج ذیل ہیں۔
(i) ڈاکٹر ایم۔ ہمایوں خان (ii) احسان مانی (iii) عدنان اورنگزیب (iv) ایم افضل خان (v) مس عائشہ ہمایوں خان (vi) مس سیدہ شابانو عباس (vii) میجر جنرل (ریٹائرڈ) ایس زیڈ ایم عسکری (viii) مس مہرین حسین (ix) خواجہ احمد حسین (x) مس شیریں صفدر (xi) ایم ظفر خان (xii) محمد یعقوب

6- چیئرمین کی اجازت سے میٹنگ میں رکھے جانے والے کچھ دیگر امور کی انجام دہی کے لیے۔

بحکم بورڈ

خواجہ شائق تنویر
کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد
17 ستمبر، 2019

نوٹس

1- کمپنی کی شیئر منتقلی کی کتابیں 16 اکتوبر 2019 تا 24 اکتوبر 2019 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

2- اجلاس ہذا میں میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والے ممبر اپنی جگہ پر ووٹ دینے اور شرکت کرنے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ مقررہ شخص کو مطالبہ پول پر بولنے اور ووٹ کرنے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو کہ ممبر کو حاصل ہوتے ہیں۔ پراکسی کے موثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ مہر شدہ، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ پراکسیز (Proxies) کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں میٹنگ شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئیں۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں۔

3- سی ڈی سی شیئر ہولڈرز یا ان کے پراکسی، سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنے ہمراہ اصل شناختی کارڈز یا پاسپورٹس، یا شرکت کنندہ کے آئی ڈی نمبرز، اکاؤنٹ نمبرز ساتھ لائیں تا کہ ان مقاصد کیلئے ان کی عمومی دستاویزات کی توثیق کی جاسکے۔

4- ایسا شخص جو ڈائریکٹر آفس کے لیے انتخاب لڑنا چاہتا ہے اس کے لیے کمپنی کو سالانہ اجلاس عام سے پہلے 14 ایام کے اندر درج ذیل دستاویزات جمع کروانا ضروری ہوں گی۔

ا۔ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی بمعہ زیر تحت ایکٹ مجوزہ فارم 28 پر رضامندی

ب۔ ایس ای سی پی ایس آر او 2014 (I)634 بتاریخ 10 جولائی 2014 کے تحت تفصیلی پروفائل بمعہ دفتر کا پتہ

ج۔ اقرار نامہ زیر تحت شق 3، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2017

د۔ اقرار نامہ کہ وہ ایکٹ کے سیکشن 153 کے مطابق ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

ر۔ ڈائریکٹر کے پاس اپنا اقرار نامہ دائر کرتے ہوئے کم از کم کمپنی کے 500 شیئرز ضرور ہونے چاہیئے۔ درج بالا شرائط ایکٹ کے سیکشن (i)153 میں درج قوانین پر عائد نہیں ہوں گی۔